Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

July 31, 2018
For immediate release

PRESS RELEASE

سرکاری کمپنیوں کی کارپوریٹ گورننس میں نمایاں بہتری آئی: ایس ای سی پی

اسلام آباد (31 جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے پبلک سیکٹر کمپنیز کارپوریٹ گورننس رولز مجریہ 2013 پر موثر عمل درآمد کے نتیجے میں سرکاری کمپنیوں کی کارپوریٹ گورننس میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ کارپوریٹ گورننس کے اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لئے ان میں گزشتہ سال ترامیم کی گئیں۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین نے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت کی ہے کہ ان قوائد پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس امر کو سراہا کہ اس سال ان قوائد کی تعمیل کی شرح ساٹھ فیصد ہے جبکہ 2015 میں یہ شرح محض چھتیس فیصد تھی۔

سرکاری کمپنیاں ملکی ترقی کے لئے اہمیت کی حامل ہیں اور معاشی شعبے میں اہم خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ان قوائد میں سرکاری کمپنیوں میں بہتر اور مستعد مینجمنٹ کے لئے اصول وضع کئے گئے ہیں جبکہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل و ترتیب بھی بہتر کر دی گئی ہے۔ اب لازمی قرار دیا گیا ہے کہ کمپنی میں کم از کم ایک تہائی انڈی پینڈنٹ ڈائریکٹرز ہوں۔ ان قوائد میں ڈائریکٹرز کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے بھی اضافی ہدایات دی گئی ہیں اور حکومت کو تجویز کیا گیا ہے کہ سرکاری کمپنیوں میں ڈائریکٹرز کے تقرر کے وقت ان کے ساتھ پرفارمنس کنٹریکٹ بھی کریں۔ علاوہ ازیں کمپنی کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو کی ذمہ داریوں اور فرائض کو الگ الگ بیان کیا گیا ہے جبکہ ڈائریکٹرز کے لئے بھی اہلیت کا معیار متعین کر دیا گیا ہے۔

ان کمپنیوں کے لئے اب لازمی ہے کہ وہ ان قوائد پر عمل درآمد کے حوالے سے ایس ای سی پی کو کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز سے تصدیق شدہ سٹیٹمنٹ جمع کروائیں۔ ایس ای سی پی نے سرکاری کمپنیوں اور ان کی متعلقہ وزارتوں کو اس ریگولیٹری فریم ورک پر عمل درآمد میں آسانی اور رہنمائی فراہم کرنے کے لئے کمپنیوں کو پبلک سیکٹر کمپنیز کارپوریٹ گورننس کمپلائنس گائیڈلائنز مجریہ 2018 ، پبلک سیکٹر کمپنی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کے تقرر کے لئے گائیڈلائنز مجریہ 2015 فراہم کی ہیں۔ اس کے علاوہ اس حوالے سے آگہی پیدا کرنے کے لئے سرکاری کمپنیوں کے ذمہ داران کے لئے

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk

ورکشاپیں، کانفرنسیں اور تربیتی پروگرام بھی منعقد کئے گئے جبکہ کارپوریٹ گورننس رولز پر عمل درآمد کی تصدیق شدہ سٹیٹمنٹ جمع نہ کروانے والی کمپنیوں کے خلاف انضباطی کارروائیاں بھی کی گئیں۔